Roll No:____________ امیدوار خود پُر کرے

**(For all Sessions)**

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ-Group-I

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. دو عالم کا اِمداد گار آ گیا ہے — امین آگیا ، غم گُسار آ گیا ہے

ii. گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر — بُھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

iii. جلوۂ قدرت کا شاہد ، حُسنِ فِطرت کا گواہ — ماہ کا دِل ، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

iv. اس پہ جانے کا کبھی ہوتا ہے جس کا اِتفاق — اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال

**(حصہ غزل)**

i. ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت — ترے شوق میں کیا سے کیا ہوگئی ہے

ii. ایک مُدّت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں — اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ، ایسا بھی نہیں

iii. جلنا تو چراغوں کا مقدّر ہے ازل سے — یہ دِل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) افسوس! اتنا بڑا صاحب کمال ہم سے اُٹھ جائے اور اُس کی سناؤنی ہم تک نہ پہنچے کتنے بے خبر ہیں ہم لوگ! زندہ قوموں کا یہ شعار نہیں ہوتا کہ اپنے اہل کمال سے غافل ہو جائیں۔

(ب) ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے اس صلاحیت کو درجہ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے درجہ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے نہ پہنچ سکتا ہے لیکن وہاں تک پہنچنے کی، کوشش ہی میں انسان، انسان، بنتا ہے یہ سمجھو کندن ہو جاتا ہے حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی اُسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تو نے کیا کیا؟

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟

ii. مصنف پر اس فقیر نے کیا اثر کیا؟

iii. لڑکی کیوں سفر کر رہی تھی؟

iv. ''توپ کاپی'' میوزیم کا تعارف اپنے الفاظ میں کرائیے۔

v. شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟

vi. نظم مال گودام روڈ، سڑک پر چلنے والی کن سواریوں کا حلیہ بگڑتا ہے؟

vii. علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جاسکتی ہے؟

viii. فراق گورکھپوری کی شامل نصاب غزل ان کے کس مجموعے سے لی گئی ہے؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ یا نام دیو مالی** 05

**6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** 15

i. قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ ii. شہری اور دیہاتی زندگی ii. وقت کی پابندی

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں، ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کرسکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:**

i. زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟

ii. عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

iii. کن کن ممالک میں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

iv. ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

v. اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔